**LOTTE CHEMICAL PAKISTAN LTD**

# نوٹس برائے سالانہ اجلاس

مطلع کیا جاتا ہے کہ درج ذیل کاروباری امور کی تکمیل کے لیے Lotte کیمیکل پاکستان لمیٹڈ کا اکیسواں سالانہ اجلاس عام بروز جمعرات، مؤرخہ 18 اپریل 2019، صبح 11:00 بجے انسٹیٹیوٹ آف بینکرز پاکستان (IBP)، ایم ٹی خان روڈ، کراچی میں منعقد کیا جائے گا۔

**عمومی امور:**

1. سال کے اختتام، 31 دسمبر، 2018 کیلئے کمپنی کے آڈیٹڈ فنانشل اسٹیٹمنٹس معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس وصول کرنا اور اس پر غوروخوص کرنا۔
2. 31 دسمبر 2019 کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کی تقرری اور اُن کے معاوضے کا تعین کرنا۔

**خصوصی کاروبار**

3. مستقل ڈائریکٹر / چیف ایگزیکٹو کو ان کی ملازمت کے قواعد و شرائط کے مطابق ہاؤس بلڈنگ فنانس لون کی منظوری دینا۔

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3) 134 کی ضرورت کے تحت سالانہ اجلاس عام میں خصوصی کاروبار پر غور کرنے کیلئے ایک بیان شامل ہے۔

بحکم بورڈ

**فیصل عابد**

کمپنی سیکریٹری

25 مارچ 2019

کراچی

**نوٹس:**

1. کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس، جمعہ 12 اپریل، 2019 سے جمعرات 18 اپریل 2019 تک بند رہیں گی (دونوں دن شامل ہیں)۔ جو ٹرانسفرز طریقہء کار کے مطابق 11 اپریل، 2019 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک ہمارے شیئر رجسٹرار کے دفتر، فیمکو ایسو سی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، متصل فاران ہوٹل، نرسری، بلاک 6، پی۔ای۔ سی۔ ایچ۔ایس، شاہراہ فیصل، کراچی کو موصول ہو جائیں گے، وہ سالانہ اجلاسِ عام میں شرکت کے لیے بروقت تصور کیے جائیں گے۔
2. کمپنی کا ممبر، جو اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حقدار ہوگا، اسے یہ حق بھی حاصل ہوگا کہ وہ اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کیلئے اپنی جگہ کسی دوسرے ممبر کو بطور پراکسی مقرر کرسکے۔ وہ پراکسیز جو اجلاس کے انعقاد سے 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس پر موصول ہو جائیں گی، وہی مؤثر سمجھی جائیں گی۔ مذکورہ مدت کا حساب کرتے وقت اس دن کا اکاؤنٹ نہیں لیا جاسکتا جو کام کا دن نہ ہو۔ پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.lottechem.pk سے ڈاؤن لوڈ بھی کیا جا سکتا ہے۔

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیوریٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ سرکلر 1 مؤرخہ 26 جنوری 2000 میں درج ہدایات پر مزید عمل کرنا ہوگا۔

**(الف). اجلاس میں شرکت کے لیے:**

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا شخص جن کی سیکیوریٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور اُن کی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، وہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کروائیں۔

(ii) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد شدہ کے دستخط اجلاس کے وقت فراہم کیے جائیں (اگر پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں)

**(ب). پراکسیز کی تقرری کے لیے:**

(i) افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر اور / یا شخص جن کی سیکیوریٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہیں اور اُن کی رجسٹریشن کی تفصیلات قوانین کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، وہ درج بالا طریقے کے مطابق پراکسی فارم جمع کروائیں گے۔

(ii) پراکسی فارم کوئی دو اشخاص سے تصدیق شدہ ہونے چاہئیں، جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبرز فارم پر درج ہونے چاہئیں۔

(iii) پراکسی فارم کے ساتھ بینیفیشل اونرز اور پراکسی کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں منسلک ہونی چاہئیں۔

(iv) اجلاس کے وقت پراکسی کو اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ فراہم کرنا ہوگا۔

(v) کارپوریٹ ادارہ ہونے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی بمعہ نامزد شدہ کے دستخط کے نمونے پراکسی کے ساتھ کمپنی کو فراہم کیے جائیں (اگر پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں)۔

3. **الیکٹرونک طریقہء کار کے ذریعے کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی:** کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کی دفعات اور کمپنیز (ڈیویڈنڈ کی تقسیم) ریگولیشنز 2017 کے تحت، فہرست شدہ کمپنی کیلئے **لازمی** ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈر کو کیش ڈیویڈنڈ کی ادائیگی صرف الیکٹرونیکلی براہِ راست مجاز شیئر ہولڈر کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں کرے گا۔ لہٰذا شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب "الیکٹرونک کریڈٹ مینڈیٹ فارم" پُر کریں اور اس پر دستخط کرکے مع سی این آئی سی/این ٹی این کی کاپی اپنے متعلقہ سی ڈی سی پارٹیسیپنٹ / سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز (بُک اینٹری فارم میں شیئر ہولڈنگ کی صورت میں) کو یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسو سی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ (فزیکل فارم میں شیئر ہولڈنگ کی صورت میں) کو ارسال کریں۔

مجاز شیئر ہولڈر کی جانب سے فعال سی این آئی سی/ این ٹی این اور نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ کی مستند معلومات موصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنی، کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈ) ریگولیشنز 2017 کے تحت ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگی۔

4. **زکوٰۃ کی کٹوتی (CZ-50):** ڈیویڈنڈ سے زکوٰۃ اور عُشر قوانین کے مطابق زکوٰۃ کی کٹوتی کی جائے گی اور مجاز اتھارٹی کو مقررہ مدت میں جمع کروائی جائے گی۔ کٹوتی سے استثنیٰ کیلئے، شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ نوٹری سے تصدیق شدہ CZ-50 فارم کی کاپی اپنے متعلقہ بروکرز یا سی ڈی سی پاکستان لمیٹڈ (سی ڈی ایس ذیلی اکاؤنٹ یا سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ میں شیئرز ہونے کی صورت میں) یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسو سی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس جمع کروائیں۔

5. **ڈیویڈنڈ پر وِد ہولڈنگ ٹیکس:** یکم جولائی 2018 سے نافذ العمل فنانس ایکٹ 2017 کے تحت انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کے سیکشن 150 کے تحت ڈیویڈنڈ کی ادائیگی سے انکم ٹیکس کی کٹوتی کی شرح میں اس طرح ترمیم کی گئی ہے: انکم ٹیکس ریٹرن فائلرز کے لئے یہ شرح 15 فیصد ہے جبکہ نان فائلرز کیلئے 20 فیصد کی شرح مقرر کی گئی ہے۔

کمپنی کیش ڈیویڈنڈ سے ٹیکس کی کٹوتی 15 فیصد کے بجائے 20 فیصد کے حساب سے نہ کرے، اس لئے تمام شیئر ہولڈرز جن کے نام فیڈرل بورڈ آف ریونیو (FBR) کی ویب سائٹ پر موجود ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ (ATL) میں شامل نہیں کئے گئے ہیں، باوجود اس کے کہ وہ فائلرز ہیں، ان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اس بات کی یقین دہانی کریں کہ ان کے نام ATL میں شامل کر لئے گئے ہیں، بصورتِ دیگر ان کے کیش ڈیویڈنڈ پر 15 فیصد کے بجائے 20 فیصد کے حساب سے ٹیکس کی کٹوتی کی جائے گی۔

مزید یہ کہ، ایف بی آر کی جانب سے موصول ہونے والی وضاحت کے مطابق پرنسپل شیئر ہولڈر کے ساتھ جوائنٹ اکاؤنٹس کی صورت میں ہر شیئر ہولڈر کو الگ الگ فائلر / نان فائلر تصور کرتے ہوئے ان کی پرنسپل شیئر ہولڈنگ کے تناسب سے الگ الگ ٹیکس کاٹا جائے گا۔ اس سلسلے میں مشترکہ شیئرز رکھنے والے تمام شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ شیئر ہولڈر کی شیئر ہولڈنگ کا تناسب کمپنی کے کے شیئر رجسٹرار کو مندرجہ ذیل طریقے سے تحریری طور پر فراہم کریں:

| فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | کُل شیئرز | پرنسپل شیئر ہولڈر | | جوائنٹ شیئر ہولڈر | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) | نام اور سی این آئی سی نمبر | شیئر ہولڈنگ کا تناسب (شیئرز کی تعداد) |

شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اس بات کی یقین دہانی کریں کہ ایف بی آر کی جانب سے وقتاً فوقتاً جاری کردہ ATL کے مطابق انکم ٹیکس کا اسٹیٹس چیک کرنے کیلئے انھوں نے اپنے سی این آئی سی/این ٹی این اپنے متعلقہ پارٹیسیپنٹ/سی ڈی سی انویسٹر اکاؤنٹ سروسز (شیئر ہولڈنگ بُک اینٹری فارم کی صورت میں ہونے پر) یا کمپنی کے شیئر رجسٹرار (فزیکل فارم کی صورت میں ہونے پر) کے پاس جمع کروا دیئے ہیں۔

[ایف بی آر سرکلرز سی نمبر 1(29) WHT/2006 بتاریخ 30 جون 2010 اور سی نمبر 1(43) DG(WHT)/2008Vol.II-66417-R بتاریخ 12 مئی 2015 کے مطابق انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 (ڈیویڈنڈ کی رقم پر ٹیکس) کے U/S150 ود ہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ کے دعوے کیلئے فعال استثنیٰ سرٹیفکیٹ لازمی ہے، جہاں دوسرے شیڈول کے حصہ IV کے کلاز 47B کے تحت قانونی استثنیٰ دستیاب ہے۔ وہ شیئر ہولڈرز جو مندرجہ بالا کلاز کے زمرے میں آتے ہیں اور آرڈیننس کا U/S150 استثنیٰ حاصل کرنا چاہتے ہیں انھیں کتاب کی بندش سے قبل ہمارے شیئر رجسٹرار فیمکو ایسو سی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے پاس فعال ٹیکس استثنیٰ سرٹیفکیٹ فراہم کرنا ضروری ہے۔ بصورتِ دیگر ڈیویڈنڈ پر لاگو ریٹس کے مطابق ٹیکس کی کٹوتی کی جائیگی]۔

6. **سالانہ فنانشل اسٹیٹمنٹس کی منتقلی بذریعہ ای میل:** SRO. 787(I)/2014 بتاریخ 8 ستمبر 2014 کے تحت، ایس ای سی پی نے شیئر ہولڈرز کو آڈٹ شدہ فنانشل اسٹیٹمنٹس اور سالانہ اجلاس عام کا نوٹس بذریعہ ای میل ارسال کرنے کی اجازت دی ہے۔ جو شیئر ہولڈرز اس سہولت سے مستفید ہونا چاہتے ہیں وہ اپنے ای میل ایڈریس کمپنی سیکریٹری اور/یا شیئر رجسٹرار کو کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب روایتی درخواست فارم پر فراہم کریں۔

7. **ویڈیو کانفرنس کی سہولت:** اگر کمپنی کے سالانہ اجلاسِ عام سے سات روز قبل تک مجموعی طور پر 10 فیصد سے زائد شیئر ہولڈنگ رکھنے والے جغرافیائی حدود میں رہنے والے شیئر ہولڈرز ویڈیو کانفرنس کے ذریعے اجلاس میں شرکت پر متفق ہوں تو کمپنی اس شہر میں ویڈیو کانفرنس کا انتظام کرے گی، جو کہ اس شہر میں اس سہولت کی دستیابی سے مشروط ہے۔ اس سلسلے میں ممبرز سے درخواست ہے کہ وہ کمپنی کی ویب سائٹ پر موجود "ویڈیو کانفرنس فیسیلیٹی کنسینٹ فارم" پُر کرکے کمپنی کے رجسٹرڈ پتے پر جمع کروائیں۔

8. 31 دسمبر 2018 کو ختم ہونے والے سال کے آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔

## کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (3)134 کے تحت بیان

یہ بیان 18 اپریل 2019 بروز جمعرات منعقد ہونے والے کمپنی کے سالانہ اجلاس عام میں خصوصی کاروبار کی انجام دہی سے متعلق طبعی حقائق کا تعین کرتا ہے۔

**ایجنڈے کا آئٹم (3):**

مستقل ڈائریکٹر/چیف ایگزیکٹو جناب حمیر اعجاز کیلئے سروس کی شرائط و ضوابط کے مطابق ہاؤس بلڈنگ لون کی منظوری لینا۔

متعلقہ تفصیلات درج ذیل ہیں:

| | |
|---|---|
| i) قرضے کی رقم | 21 ملین روپے |
| ii) شرح سود، مارک اپ وغیرہ | ملازمت کے معاہدے اور کمپنی کے لاگو سروس رولز کے مطابق بلا سود قرضہ |
| iii) کمپنی کی جانب سے لیا گیا/لیا جانے والا زرِ بیعانہ، اگر کوئی ہے | منیجمنٹ اسٹاف گریجویٹی فنڈ کے عوض لیا گیا قرضہ |
| iv) ادائیگی کا شیڈول | پانچ سال کے اندر مساوی ماہانہ اقساط کی صورت میں |
| v) فہرست شدہ کمپنی کی صورت میں کمیشن کی لازمی منظوری سے متعلق اعلان | جی ہاں، شیئر ہولڈر سے منظوری کے بعد حاصل کرنے کیلئے |

مندرجہ بالا خصوصی کاروبار میں کمپنی کے کسی بھی ڈائریکٹر کا بالواسطہ یا بلا واسطہ مفاد وابستہ نہیں ہے، ماسوائے اس کے جو بیان کیا گیا ہے۔